رحمۃ اللہ علیہ
مکتوبات امام احمد رضا خان بریلوی
مرتبہ
ولٰنا پیر محمود احمد قادری
نہ مرا نوش ز تحسین نہ مرا نیش ز طعن
نہ مرا گوش بمدحی نہ مرا ہوش ذمی
منم و کنج خمولی کہ نگنجد دروی
جز من و چند کتابے و دوات و قلمی
مکتبہ نبو
لاہور

اعلیحضرت احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ بریلوی

کے ذاتی خطوط کا ایک مجموعہ

مکتوبات امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ

مرتبہ: مولانا الشاہ محمود احمد صاحب قادری کانپور

مکتبۂ نبویہ

گنج بخش روڈ، لاہور

نام کتاب ——— مکتوبات امام احمد رضا بریلوی

موضوع ——— ذاتی خطوط

نام مرتب ——— مولانا پیر محمود احمد صاحب قادری، کانپور (بھارت)

زیر اہتمام ——— پیرزادہ اقبال احمد فاروقی - لاہور

سال طباعت ——— 2001

سائز کتاب ——— ۳۶ x ۲۳ / ۱۶

ناشر ——— مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ - لاہور - ۲

طابع ——— کمبائن پرنٹرز - لاہور

قیمت ——— 60 روپے

وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ۔

الحمد للہ یہ زبانی ادعا نہیں بلکہ میری کاروائیاں اس پر شاہدِ عدل ہیں۔ موافق و مخالف سب دیکھ رہے ہیں کہ امرِ دین کے علاوہ جتنے ذاتی حملے مجھ پر ہوئے، کسی کی اصلاً پرواہ نہ کی، اصحابِ فقیر نے آپ کی طرف سے کے ہر قابلِ جواب اشتہار کے جواب دیئے جو بحمدہ تعالیٰ لاجواب رہے مگر جناب کے مہذب عالم، مقدس متکلم مولوی مرتضیٰ حسین صاحب دیوبندی، چاند پوری[1] کے کمال شستہ و شائستہ دشنام نامہ کی نسبت قطعی ممانعت کر دی جس کا آج تک ادھر والوں کو افتخار ہے کہ ہمارا گالی نامہ لاجواب رہا۔ گرامی منش مولوی ثناء اللہ امرتسری[2] ممکن و موجود میں فرق نہ جان سکے، مقدوراتِ الٰہیہ کو موجودات میں منحصر ٹھہرایا۔ علم الٰہی کے نامحدود ہونے میں اپنے آپ کو متامل بتایا اور جانتے ہی رمضان جیسے مبارک مہینہ میں برعکس چھاپ دیا کر بس ہرا آیا، ادھر اس پر بھی التفات نہ ہوا، عاقلاں نکو می دانند، پر اکتفا کیا، یہاں تک کہ وقائع مکہ معظمہ میں کیسے کیسے معکوس و مصنوع اکاذیبِ فاحشہ، اخباروں میں کس آب و تاب سے چھپا کئے۔ ہر چند احباب کا اصرار ہوا، فقیر اتنا ہی شائع کر تا کہ یہ جھوٹ ہے، اتنا بھی نہ کیا پھر

---

[1] مولانا مرتضیٰ حسن چاندپوری دیوبندی مذہب کی عظیم درس گاہ دارالعلوم دیوبند کے ممتاز فاضل اور اس کے ناظم تعلیمات تھے وہ خود کو مولوی اشرف علی تھانوی کا وکیل کہتے تھے انہوں نے اسی حیثیت سے ایک اشتہار ذاتی حملوں اور سب و شتم سے لبریز شائع کرایا تھا جس کا عنوان تھا "بریلوی چپ شاہ گرفتار" ۱۲

[2] مولوی ثناء اللہ امرتسری، استاذِ زمن مولانا شاہ احمد حسن پنجابی فاضل کانپوری کے شاگرد تھے مگر استاذ کے عقائد و نظریات کے برعکس اعتقاد رکھتے تھے، ان کا شمار منکرینِ تقلید کے سربراہوں میں ہوتا تھا۔ بریلی شریف میں علمائے اہلسنت سے مناظرہ میں ان کو فاش شکست ہوئی مگر انہوں نے اپنے اشتہار میں اس کے برعکس چھاپا اور اعلیٰ حضرت امام اہل سنت پر ایسے ذاتی حملے کئے جس سے انسانیت اور شرافت دونوں شرم سے پانی پانی ہو گئے ۱۲

جب چند ہی روز میں حضرات کے جھوٹ کھل گئے اور واحد قہار کے زبردست ہاتھوں نے ان کے منہ میں پتھر دے دیئے، اس پر بھی میں نے اتنا نہ کہا کہ کیسا آپ صاحبوں کا جھوٹ کھلا۔

ایسے وقائع بکثرت ہیں اور اب جو صاحب چاہیں امتحان فرمائیں ان شاء اللہ تعالیٰ ذاتی حملوں پر کبھی التفات نہ ہوگا، سرکار سے مجھے یہ خدمت سپرد ہوئی ہے کہ عزت سرکار کی حمایت کروں نہ کہ اپنی، میں تو خوش ہوں کہ جتنی دیر مجھے گالیاں دیتے، افترا کرتے، برا کہتے ہیں، اتنی دیر محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بدگوئی، منقصت جوئی سے غافل رہتے ہیں، میں چھاپ چکا اور پھر لکھتا ہوں، میری آنکھ کی ٹھنڈک اسی میں ہے کہ میری اور میرے آبائے کرام کی آبروئیں عزت محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لئے سپر رہیں اللھم آمین۔

۱۔ آپ جانتے ہیں اور زمانے پر روشن ہے کہ بعفضلہ تعالےٰ سالہا سال سے کس قدر رسائل کثیرہ عزیزہ آپ اور آپ کے اکابر جناب مولوی گنگوہی صاحب وغیرہ کے رد میں ادھر سے شائع ہوئے اور بحمدہ تعالےٰ ہمیشہ لاجواب ہے۔

۲۔ وہ اور آپ صراحۃً مناظرہ سے استعفا دے چکے۔

۳۔ سوالات گئے، جواب نہ ملے، رسائل بھیجے، داخل ہوئے، رجسٹریاں پہنچیں منکر ہو کر واپس فرما دیں۔

۴۔ اخیر تدبیر کہ جلسۂ دیوبند میں ان رئیسوں کے ذریعہ سے جس کا جناب پہ بار ہے تحریک کی اس پر آپ ساکت ہی رہے۔

۵۔ رئیسوں کا دباؤ تھا ناچار دفع وقتی کو وہی چاند پوری صاحب آپ کے وکیل بنے فقیر نے اپنے خط دقلم سے جناب کو رجسٹری شدہ کارڈ بھیجا کہ کیا آپ مناظرۂ معلومہ پر آمادہ ہوئے؟ کیا آپ نے چاند پوری صاحب کو اپنا وکیل مطلق کیا؟ سات مہینے سے زائد گزرے آپ نے اس کا بھی جواب نہ دیا ظاہر ہے کہ اگر آپ واقعی آمادہ ہوئے ہوتے، واقعی آپ نے وکیل کیا ہوتا تو ہاں لکھ دینا دشوار نہ تھا، مردانہ وار اقرار سے فرار نہ ہوتا۔ یہ ہے وہ فرض لایعنی